# دوسری زیارت امام حسین علیہ السلام

شیخ کلینیؒ نے امام علی نقی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا امام حسین علیہ السلام کی قبر شریف کے پاس یہ زیارت پڑھے:

**اَلسَّلامُ عَـلَیْکَ یَـا أَبـا عَبْدِ اللهِ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّةَ اللهِ فِی أَرْضِهِ وَشاهِدَهُ عَلَی خَلْقِهِ اَلسَّلامُ**

آپ پر سلام ہو اے ابو عبد اللہ آپ پر سلام ہو اے خدا کی زمین پر اس کی حجت اور اس کی مخلوق پر

**عَـلَیْکَ یَـابْنَ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَابْنَ عَلِیٍّ الْمُرْتَضی اَلسَّلامُ عَـلَیْکَ یَابْنَ فاطِمَةَ الزَّهْراءِ،**

اس کے گواہ آپ پر سلام ہو اے رسولؐ خدا کے فرزند آپ پر سلام ہوا ے علی مرتضیٰؑ کے فرزند آپ پر

**أَشْهَدُ أَنَّکَ قَدْ أَ قَمْتَ الصَّلاةَ، وَآتَیْتَ الزَّکاةَ، وَأَمَرْتَ بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَجاهَدْتَ**

سلام ہو اے فاطمہؑ زہرا کے فرزند میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے نماز قائم کی زکوٰۃ دی نیک کاموں کا حکم دیا اور برے کاموں سے روکا

**فِـی سَبِیـلِ اللهِ حَتَّـی أَتَـاکَ الْیَقِینُ فَصَلَّی اللهُ عَلَیْکَ حَیّاً وَمَیِّتاً.** پھر قبر مبارک پر دایاں رخسار رکھے اور کہے:

اور آپ خدا کی راہ میں مصروف جہاد رہے یہاں تک کہ آپ شہید ہو گئے پس آپ پر خدا رحمت کرے دوران زندگی اور بعد موت

**أَشْهَـدُ أَنَّکَ عَـلَـی بَیِّنَةٍ مِنْ رَبِّکَ، جِیْتُ مُقِرّاً بِالذُّنُوبِ لِتَشْفَعَ لِی عِنْدَ رَبِّکَ یَابْنَ رَسُولِ اللهِ.**

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اپنے رب کی روشن دلیل پر ہیں میں گناہوں کا اقرار کرتے ہوئے حاضر ہوں کہ اے فرزند رسولخدا آپ اپنے رب کے حضور میری سفارش کریں

پھر ائمہ اطہار علیہم السلام کا نام لے اور کہے: **أَشْهَدُ أَنَّکُمْ حُجَجُ اللهِ.** پھر کہے: **اُکْتُبْ لِی عِنْدَکَ مِیثاقاً وَعَهْداً إِنِّی**

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ سب خدا کی حجت ہیں۔ آپ میرے لیے اپنے ہاں اقرار و پیمان لکھیں کہ میں حاضر

**أَتَیْتُکَ مُجَدِّداً الْمِیثاقَ فَاشْهَدْ لِی عِنْدَ رَبِّکَ إِنَّکَ أَنْتَ الشَّاهِدُ .**

ہوا پیمان تازہ کرنے کے لیے پس آپ اپنے رب کے حضور میرے گواہ بنیں کیونکہ آپ ہی میرے گواہ ہیں۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com